میخانۂ خیّام

یعنی

حکیم عُمر خیّام کی ۶۴۰ رُباعیات کا

منظوم اُردُو ترجمہ

اثرِ خامہ

افسر الشّعراء آغا شاعر قزلباش دہلوی

جسے

خانصاحب مولوی فیروز الدّین اینڈ سنز،

گورنمنٹ پرنٹرز اینڈ پبلشرز لاہور

نے اپنے مطبع

پرنٹنگ ورکس ۱۱۹ سرکلر روڈ لاہور میں باہتمام ایم عبدالحمید خان منیجر شائع کیا

مجلّد - - - - - - - عہ/

مُقدّمہ

پیدائش حکیم عمر خیام جو اپنے زمانے کا سب سے بڑا مہندس اور ہیئت دان تھا۔ گیارھویں صدی عیسوی مطابق پانچویں صدی ہجری میں بمقام نیشاپور علاقہ خراسان مملکتِ ایران میں پیدا ہوا۔ اور بارھویں صدی کے پچیس برس گذار کر نیشاپور ہی کے ایک باغ میں وفات پائی۔

تعلیم خیام نے نیشاپور کے ایک فاضلِ اجل امام موفق سے قرآن و حدیث کی تعلیم حاصل کی۔ اِس درسگاہ میں اس کے دو ہم عمر طالب علم حسن بن صباح اور نظام الملک طوسی بھی تھے۔ ایک روز حسن نے دونوں ہم جماعتوں سے کہا "عام طور پر لوگوں کا خیال ہے کہ امام موفق کے شاگرد دولت و ثروت کے اعتبار سے اعلیٰ مقام پر پہنچ جاتے ہیں ہمیں حلف اٹھانا چاہیئے کہ ہم میں سے جس شخص کی قسمت کا ستارہ چمکے۔ وہ دوسرے دونوں رفیقوں کو اپنی دولت میں

برابر کا حصّہ دار بنائے - اور اپنے لئے کسی برتری و بزرگی کو گوارا نہ کرے" تینوں اِس پر رضامند ہو گئے - کئی سال کے بعد نظام الملک طوسی اقبال کی یاوری سے سلطان الپ ارسلان کا وزیرِ اعظم بن گیا - یہ سُن کر حسن اور خیّام اُس کے پاس پہنچے - اور معاہدے کے مطابق اپنا اپنا مطالبہ پیش کیا - نظام الملک نے وعدے پر قائم رہ کر حسن کو ایک معقول عہدہ عطا کیا - لیکن اُس نے اِس پر قناعت نہ کرتے ہوئے ترقّی کے اعلےٰ مدارج یک لخت طے کرنے کے لئے نظام الملک کے خلاف سازشوں اور فتنوں کا ایک وسیع جال پھیلانا چاہا - مگر ناکام رہا - آخر نظام الملک کو قتل کرا کر غدّاری و محسن کشی کا شرمناک ثبوت دیا ؎

استغنا خیّام نے بھی نظام الملک سے اپنا حِصّہ طلب کیا - لیکن طبعی استغنا کے باعث اسے کسی عہدے یا خطاب کی خواہش نہ تھی - بلکہ اپنے دوست سے صرف یہ کہا "سب سے بڑی مہربانی جو تم میرے حال پر کر سکتے ہو - صرف اسی قدر ہے - کہ مجھے اپنی دولت وحشمت کے زیرِ سایہ ایک گوشے میں زندگی بسر کرنے کا موقع دو - تاکہ میں علم کے حقائق و معارف کا دریا بہا سکوں - اور تمھاری درازیٔ عمر و خوش حالی کے لئے دعا مانگتا رہوں" نظام الملک معاہدے کے مطابق حسن کی طرح اپنے دوست خیّام کو بھی کوئی بڑا عہدہ دینے پر آمادہ تھا - لیکن جب اُس نے عہدہ لینے سے کانوں پر ہاتھ رکھا - تو نظام الملک نے زیادہ

اصرار نہ کیا۔ اور نیشاپور کے خزانے سے خیام کے لئے بارہ سو طلائی مثقال کی سالانہ پنشن جاری کرنے کا حکم صادر کر دیا۔

علمِ ہیئت میں کمال خیّام نیشاپور میں رہا۔ اور اُس نے مختلف علوم بالخصوص علمِ ہیئت کے حصول کے لئے اپنا دماغ وقف کر دیا۔ چنانچہ اِس علم میں وہ اپنے زمانے کا اُستاد مانا جاتا ہے۔ ملک شاہ کے عہدِ حکومت میں خیّام مرو پہنچا۔ اور سلطان نے اُس کے علم و فضل کی پوری پوری قدر کرکے الطافِ خسروانہ سے سرفراز فرمایا۔

تقویم کی اِصلاح جب ملک شاہ نے تقویم کی اصلاح کا ارادہ کیا۔ تو خیّام اُن آٹھ آدمیوں میں سے ایک تھا۔ جو اس کام کو انجام دینے کے لئے مامور کیئے گئے۔ چنانچہ جلال الدین کے نام سے جو بادشاہ کا ایک نام تھا سنِ جلالی کی بنیاد ڈالی گئی۔ گبّن اِس تقویم کو سنِ عیسوی کے مقابلے میں زیادہ صحیح قرار دیتا ہے۔ خیّام نے علمِ ہیئت کے بعض نقشے بھی تیار کیئے تھے۔

رباعیات کے نایاب مسوّدات مشرق میں رباعیاتِ خیّام کے مسودے نایاب ہیں۔

انڈیا ہاؤس لندن میں رُباعیات کا کوئی مسوّدہ نہیں۔ پیرس کے شاہی کتب خانے میں کوئی نسخہ موجود نہیں۔ انگلستان میں صرف ایک نسخہ ہے۔ جو سنہ ۸۶۶ھ میں بمقام شیراز لکھا گیا تھا۔ اُس میں ۱۵۸ رباعیات ہیں۔ ایک نسخہ ایشیاٹک سوسائٹی

کلکتہ کے کتب خانے میں ہے۔ جس میں ۵۱۶ رباعیات ہیں۔ مگر یہ نامکمل و ناقص بتائی جاتی ہیں۔ وان ہیمر کے پاس جو نسخہ ہے۔ اُس میں رباعیات کی تعداد تقریبًا دو سو۔ اور ڈاکٹر سپرنگر نے لکھنؤ میں جو مسوّدہ دیکھا ہے۔ اُس میں چار سو ہے۔ لیکن "میخانۂ خیّام" میں نہایت غور و تحقیق اور محنت و کاوش سے ۶۴۰ رباعیات جمع کر دی گئی ہیں۔ اور غالبًا یہ سب سے زیادہ ضخیم۔ صحیح اور مکمّل مجموعہ ہے ؛

منظوم ترجمہ } حضرت افسر الشعراء آغا شاعر قزلباش دہلوی نے جو ہندوستان کے ایک مشہور شاعر و نثّار ہیں۔ ان رُباعیات کا رباعی ہی کی بحریں اردو نظم میں ترجمہ کیا ہے۔ جو اِس شراب کو دو آتشہ کر رہا ہے ؛

تخلّص } خیّام کے معنیٰ ہیں خیمہ دوز۔ اور بیان کیا جاتا ہے کہ وہ کسی زمانے میں خیمہ دوزی کرتا تھا۔ لیکن یہ غالبًا اُس زمانے سے پہلے کی بات ہے۔ جب نظام الملک کی فیاضانہ امداد کے صدقے میں وہ فکرِ معاش سے مستغنی ہو گیا تھا۔ اِسی طرح اور بھی ایرانی شاعر اپنے پیشے کے لحاظ سے تخلّص کرتے ہیں۔ مثلاً عطّار (عطر فروش) عصار (تیلی) وغیرہ ؛

کلام پر تبصرہ } خیّام کا یہ مختصر کلام جو صحیح معنی میں دریا در کوزہ کا مصداق ہے۔ زندگی کے گوناگوں و حیرت انگیز نکات کا آئینہ دار ہے۔ اور حقیقت یہ ہے کہ جس رنگ میں خیّام نے فلسفۂ زندگی پر روشنی ڈالی ہے۔ وہ اسی کا

حصّہ ہے۔ خیّام کو الفخر للمتقدم کا طغرائے امتیاز حاصل ہے۔ فردوسی کے سوا ایران کے تمام شعرا نے اسی کا رنگ اُڑایا ہے۔ اور اپنی خواہش کے مطابق دنیا کے سامنے پیش کیا ہے۔ شراب وہی ہے۔ مگر جام دُوسرا ہے۔ خیّام کی شراب انگوری ہے۔ اس کا میکدہ وُہی ہے۔ جہاں سے یہ شراب مل جائے۔ اُس کا ساقی گوشت اور خون کا بنا ہوُا جسم ہے۔ جو شراب کو اُس کے سامنے پیش کرتا ہے۔ وہ گلاب کے شگفتہ پھُولوں کا شیدائی ہے۔ وہ دنیا سے اُنہیں پھُولوں کا خواہاں ہے۔ اور جنّت سے بھی اُنہیں کا طلبگار۔ وہ دنیا کی موجُودہ اشیا سے رُوح کو تسکین دینا چاہتا ہے۔ اور اِس سوال سے کہ فنا کے بعد ان کا انجام کیا ہوگا دماغ پراگندہ نہیں کرنا چاہتا۔ چونکہ وہ بہت بڑا ریاضی دان بھی تھا۔ (چنانچہ حال ہی میں فرانسیسیوں نے الجبرا پر اُس کے ایک عربی مقالے کا ترجمہ کیا ہے) اس لئے اس کی شاعری نسبتًا غلو و مبالغہ کی آلائش سے پاک ہے۔ یہی وجہ ہے کہ تخیّل کا جو معیار اس کے ہم وطنوں اور ہم عصروں نے قائم کر رکھّا تھا۔ خیّام اُس سے کوئی سروکار نہیں رکھتا۔ ایک ریاضی گو شاعر سے یہ توقّع بھی نہیں رکھی جاسکتی کہ وہ دنیا کے ٹھوس حقائق کو نظرانداز کر دے۔ اور تخیّل کی انتہائی پرواز کو شاعرانہ زندگی کا نصب العین خیال کرے ؛

کلام کا اِقتباس } خیّام کے کمالاتِ شاعری کا پورا اور حقیقی لطف تو اس کے کلام کے بالاستیعاب

مطالعے ہی سے حاصل ہو سکتا ہے۔ لیکن یہاں مینی کی بجائے صرف سرخوشی کی کیفیت سے حظ اُٹھانے کے لئے مختلف موضوعات کے تحت میں رباعیات کا اقتباس پیش کیا جاتا ہے؛

حمد باری تعالیٰ میں خیام کہتا ہے ؎

بکشاے درے کہ در کشائندہ توئی بنماے رہے کہ رہ نمائندہ توئی
من دست بہیچ دستگیرے ندہم کایشاں ہمہ فانی اند و پائندہ توئی

خیام کی ایک نمایاں خصوصیت اسلوب بیان کی جدت بھی ہے۔ چنانچہ وہ اِس مضمون کو کہ دنیا میں رنج و راحت توام ہیں۔ یوں بیان کرتا ہے ؎

گل گفت بہ از لقاے من چیزے نیست چندیں ستم گلاب گر بارے چیست
بلبل بزبانِ حال با او می گفت یک روز کہ خندید کہ سالے نگریست

دنیا کے نقد عیش کو جنت کے ادھار لطف پر ترجیح دیتا ہؤا لکھتا ہے ؎

گویند مرا کہ سُور با حُور خوش است من می گویم کہ آب انگور خوش است
ایں نقد بگیر و دست از نسیہ بدار کآواز دُہل شنیدن از دور خوش است

موت کے سامنے انسان کی بیچارگی کا نقشہ یوں کھینچتا ہے ؎

از جرم حضیض خاک تا اوجِ زحل کردم ہمہ مشکلات گردوں را حل
بیروں جستم ز بند ہر مکر و حیل ہر بند کشادہ شد مگر بندِ اجل

جبر و اختیار کا مسئلہ خیام کی زبانی سُنئے ؎

نیکی و بدی کہ در نہادِ بشر است شادی و غمی کہ در قضا و قدر است
با چرخ مکن حوالہ کاندر رہِ عقل چرخ از تو ہزار بار بیچارہ تر است

کر تو رہا ہے بدنصیبی کا شکوہ - مگر اندازِ بیان بالکل انوکھا اور پُر لطف ہے ؎

آں روز کہ توسنِ فلک زیں کردند — آرائشِ مہر و ماہ و پروین کردند
ایں بود نصیبِ ما ز دیوانِ قضا — ما را چہ گنہ۔ قسمتِ ما ایں کردند

خدائے غفور و رحیم سے رحمت کی التجا بھی کرتا ہے - تو کس انوٹ سے ! ؎

من بندۂ عاصیم رضائے تو کجاست — تاریک دلم نورِ صفائے تو کجاست
ما را تو بہشت اگر بہ طاعت بخشی — ایں مزد بود لطف و عطائے تو کجاست

اِسی مضمون کو اور رنگ میں لکھتا ہے ؎

مائیم بہ لطفِ حق تولّا کردہ — وز طاعت و معصیت تبرّا کردہ
آنجا کہ عنایتِ تو باشد - باشد — ناکردہ چو کردہ۔ کردہ چوں ناکردہ

محنت و بلاکشی سے کسبِ معاش کو شعریت کے رنگ میں یوں غوطہ دیتا ہے ؎

ہرگز بہ طرب شربتِ آبے نخورم — تا از کفِ اندوہ شرابے نخورم
نانے نزنم بر نمکِ ہیچ کسے — تا از جگرِ ہیچ کبابے نخورم

ذرا خیّام کی بہشت کی سیر کیجئے ؎

با مطرب و مے حور سرشتے گر ہست — با آبِ روان و لبِ کشتے گر ہست
بہ زیں مطلب ز دوزخ فرسودہ متاب — حقّا کہ جز ایں نیست بہشتے گر ہست

عشق کی تصویر میں یوں رنگ بھرتا ہے ؎

سر دفترِ عالمِ معانی عشق است — سر بیتِ قصیدۂ جوانی عشق است
اے آنکہ خبر نداری از عالمِ عشق — ایں نکتہ بداں کہ زندگانی عشق است

عشق اور عاشق دونوں کی کیفیت یوں بیان کرتا ہے ؎

عشقے کہ مجازی بود آبش نبود — چوں آتش نیم مردہ تابش نبود
عاشق باید کہ سال و ماہ و شب و روز — آرام و قرار و خورد و خوابش نبود

تسلیم و رضا کا جلوہ تغزل کی نقاب میں دیکھیے ؎

خواہی ز فراق در فغاں دار مرا — خواہی بہ وصال شادماں دار مرا
من با تو نگویم کہ چساں دار مرا — زاں ساں کہ دلت خواست چناں دار مرا

ریاکار صوفیوں کی یوں خبر لیتا ہے ؎

آنانکہ بکہنہ تمدے موصوف اند — دائم بہ کفے بیک دو ناں موقوف اند
گویند کہ شبلیؒ و جنیدیم ہمہ — شبلیؒ نہ ولی نہ کرخی معروفؒ اند

دنیائے فانی کی کیفیت خیام کی آنکھ سے دیکھیے ؎

می پرسیدی کہ چیست ایں نقش مجاز — گر می گویم حقیقتش ہست دراز
نقشیست پدید آمدہ از دریائے — و آنگاہ شدہ بقعر آں دریا باز

دنیا کی بے حقیقتی کے چہرے سے یوں پردہ اٹھاتا ہے ؎

شادی مطلب کہ حاصل عمر دمیست — ہر ذرہ ز خاک کیقبادے و جمیست
احوال جہان و اصل ایں عمر کہ ہست — خوابے و خیالے و فریبے و دمیست

خیام خدا سے راز و نیاز کر رہا ہے ؎

ابریق مئے مرا شکستی ربی — بر من در عیش را بہ بستی ربی
اکنوں کہ بمن عربدہ ہا مے کردی — خاکم بدہن مگر تو مستی ربی

پھر ہوش سنبھالتا اور قہر خداوندی سے مرعوب ہوتا ہوا کہتا ہے ؎

ناکردہ گناہ در جہاں کیست بگو — آنکس کہ گنہ نکرد چوں زیست بگو

من بد کنم و تو بد مکافات دہی — پس فرق میانِ من و تو چیست بگو

خراباتِ مغاں کے رندِ خم آشام کی اعتدال پسندی دیکھئے ؎

چوں ہشیارم ز من طرب پنہانست — چوں مست شوم ورخردم نقصانست
حالیست میانِ مستی و ہشیاری — من بندۂ آنکہ زندگانی آنست

غریبی اور مصیبت سے بھری ہوئی آہ سنئے ؎

مسکیں تنِ من کہ در غریبی فرسود — آوازۂ خانماں نمی دارد سود
عمرے بگزشت یک زماں شاد نبود — تا عاقبتم اجل کجا خواہد بود

کبر و رعونت سے اجتناب کی تلقین یوں کرتا ہے ؎

با مردمِ نیک بد نمی باید بود — در بادیہ دیو و دد نمی باید بود
مفتونِ معاشِ خود نمی باید بود — مغرور بفضلِ خود نمی باید بود

داناؤں اور باکمالوں سے زمانے کی دشمنی اور کس مپرسی دیکھئے ؎

چوں نیست درین زمانہ سودے ز خرد — جز بے خرد از زمانہ بر می نخورد
پیش آر از آں کہ او خرد را ببرد — شاید کہ زمانہ سوئے ما در نگرد

نا اہلوں سے علیحدگی و بیزاری کا مضمون یوں باندھتا ہے ؎

سر از ہمہ ناکساں نہاں باید داشت — راز از ہمہ ابلہاں نہاں باید داشت
بنگر کہ بجانِ مردماں می چہ کنی — چشم از ہمہ مردماں نہاں باید داشت

خودداری کی نصیحت کرتا ہوا کہتا ہے ؎

اے دل ز زمانہ رسمِ احساں مطلب — وز گردشِ دوراں سر و ساماں مطلب

درماں طلبی دردِ تو افزوں گردد   با درد بساز و ہیچ درماں مَطلب

دل کی عظمت و فضیلت خیام کے نزدیک یہ ہے ؎

در کوئے نیاز ہر دلے را دریاب   در راہِ حضور مقبلے را دریاب
صد کعبۂ آب و گِل بیک دل نرسد   کعبہ چہ روی بروُ دلے را دریاب

کُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَۃُ الْمَوْت کی تفسیر پر غور فرمایئے ؎

عمر تو چہ دو صد و چہ سہ صد چہ ہزار   زیں کہنہ سرا بروں بر ندت ناچار
گر بادشہی و گر گدائے بازار   ایں ہر دو بیک نرخ بود آخر کار

"دیروز" کو بھول کر "امروز" سے خوش رہنے کی نصیحت یوں کرتا ہے ؎

چوں دی و پری ما بہ بیکار گزشت   شادی و غمی محنت و ایثار گزشت
امروز بآنچہ می رسد خوش می باش   کیں سر بچنانکہ آمد از کار گزشت

اِسی مضمون کو پھر لکھتا ہے ؎

روزیکہ ز تو گزشتہ شد یاد مکن   فردا کہ نیامدست فریاد مکن
از آمد و بگزشتہ خود یاد مکن   حالے خوش باش و عمر برباد مکن

اپنی ناکسی و نا اہلی پر یُوں ماتم کرتا ہے ؎

نے لائقِ مسجدم نہ در خورد کنشت   ایزد داند گِلِ مرا از چہ سرشت
چوں کافر درویشم و چوں قحبۂ زشت   نے دین و نہ دنیا و نہ امید بہشت

رازِ درُوں کو ناقابلِ بیان بنا کر اُسے ہر کس و ناکس سے پوشیدہ رکھنے کے بارے میں کہتا ہے ؎

با ہر بد و نیک راز نتوانم گفت   دارم سخنِ دراز نتوانم گفت
حالے دارم کہ شرح نتواں دادن   رازے دارم کہ باز نتوانم گفت

دنیا کو شاہدِ معنیٰ کی غلام قرار دیتا۔ اور کس حسن سے بدیہی ثبوت مہیا کرتا ہے ؎

بُت خانہ و کعبہ خانۂ بندگی است ناقوس زدن ترانۂ بندگی است
محرابِ کلیسائی و تسبیح و صلیب حقّا کہ ہمہ نشانۂ بندگی است

دیکھئے۔ اپنی پیرانہ سری کی تصویر کِس خوبی سے کھینچی ہے ؎

پیری سر ملائے بے صوابی دارد گلنارِ رُخم برنگ آبی دارد
بام و درِ چار رکنِ دیوارِ وجُود ویراں شد و روئے در خرابی دارد

کہتا ہے۔ دُشمن مجھے عقل کی عینک سے نہیں۔ بلکہ اپنے ہی دل کے آئینے میں دیکھ رہا ہے ؎

دشمن کہ مرا ہمیشہ بد می بیند حقّا کہ نہ از رُوے خرد می بیند
در آئینۂ درُونِ خود می نگرد آں صُورتِ مردہ رنگ خود می بیند

کہتا ہے۔ کہ بلا اَور اندیشۂ بلا سے بے پروا ہو کر دُنیا کا لطف اُٹھاؤ ؎

از نامدہ ہا زرد مکن چہرۂ خویش وز آمدہ ہا آب مکن زہرۂ خویش
بردار ز دنیائے دنی بہرۂ خویش زاں پیش کہ دہر برکشد دہرۂ خویش

ناکام زندگی پر افسوس کرتا ہُوا کہتا ہے ؎

افسوس کہ بے فائدہ فرسُودہ شدیم از طاسِ سپہر سرنگوں سُودہ شدیم
دردا و ندامتا کہ چوں چشم زدیم نابودۂ کام خویش نابودہ شدیم

ناکامی کی اور تصویر ملاحظہ فرمایئے ؎

زیں گونہ کہ من کارِ جہاں می بینم عالم ہمہ رائگاں ازاں می بینم

سبحان اللہ بہر چہ درمی نگرم ناکامیِ خویشتن در آں می نگرم

زندگی سے بیزاری کا اظہار یوں کرتا ہے ؎

در دائرۂ وجود دیر آمدہ ایم وز پایۂ مردمی زبر آمدہ ایم
چوں عمر نہ بر مرادِ ما می گزرد اے کاش سر آمدے کہ سیر آمدہ ایم

انسان کا وقار اور عظمت خیّام کے نزدیک یہ ہے ؎

مقصود ز جملہ آفرینش مائیم در چشمِ خرد جوہرِ بینش مائیم
ایں دائرہ جہاں چو انگشتری است بے ہیچ شکے نقش و نگینش مائیم

فنا فی اللہ ہونے کے لئے کوشش کرنے کی تلقین یوں کرتا ہے ؎

چنداں رو ایں رہ کہ دوئی برخیزد گر نیست دوئی ز رہروی برخیزد
تو او نہ شوی ولیک گر جہد کنی جائے برسی کز تو توئی برخیزد

گناہ اور توبہ کے فلسفے کی چہرہ کشائی یوں کرتا ہے ؎

اندیشۂ جرمم چو بخاطر گزرد از آتشِ سینہ ئیم از سر گزرد
لیکن ز شرطیست بندہ چوں توبہ کند مخدوم ز لطف از سر آں درگزرد

اپنے اعمال کے ننگِ مسلمانی ہونے کی حقیقت کو جامۂ شعریّت یوں پہناتا ہے ؎

تا چند کنیم عرضہ نادانیِ خویش بگرفت دلِ من از پریشانیِ خویش
زنّارِ مغاں کہ بر میاں خواہم بست دانی ز چہ از ننگِ مسلمانیِ خویش

خردمندوں سے احتیاط اور نا اہلوں سے اجتناب کی نصیحت یوں کرتا ہے ؎

با مردمِ پاک اہل و عاقل آمیز وز نا اہلاں ہزار فرسنگ گریز

گر دہر دہد ترا خردمند بہوش وز نوش رسد ز دستِ نا اہل بریز

رنج دار و مریز کا فلسفہ خیّام کے الفاظ میں سنیئے ؎

یارب تو جمالِ آں مہِ مہر انگیز آراستۂ بہ سنبلِ عنبر بیز
پس حکم ہمی کنی کہ در وے منگر ایں حکم چناں بود کہ کج دار و مریز

خوش و خرّم رہنے کی تلقین کرتا ہوا کہتا ہے ؎

از عمرِ تو چونکہ می ترا نشد شب و روز بگزار کہ بر تو خاک پاشند شب و روز
روز و شبِ خویش را بشادی گزراں اے وائے نباشی تو و باشند شب و روز

غرض خیام ایک بہت بڑا فلاسفر اور فطرتِ انسانی و فلسفۂ کائنات کا زبردست نبّاض تھا۔ اور رموز و اسرارِ زندگی کو شعر کا لباس پہنانے میں اسے پوری کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس کی صہبائے سخن کا قلزمِ زخّار مشرق و مغرب میں موجزن ہے۔ اور دنیا کی متعدد زبانوں میں اس کے کلام کے ترجمے ہو چکے ہیں۔ مغرب تو اس کے کمالِ شاعری پر دادِ تحسین کے پھول برسانے میں مشرق سے بھی گوئے سبقت لے گیا ہے۔ چنانچہ آج یورپ کے بڑے بڑے شعراء۔ ادبا اور فضلا اس کے حضور میں ارادت و عقیدت کی نذر پیش کرنا اپنی سعادت سمجھتے ہیں۔ اور وہاں کے متعدد شہروں میں خیام کے نام پر کئی درسگاہیں، کلب، کتب خانے وغیرہ قائم ہیں۔ اس میں شک نہیں۔ کہ خیام اِس قدردانی و اعترافِ کمال کا بجا طور پر مستحق ہے۔ اور جب تک فارسی شاعری زندہ رہے گی۔ اس کا نام

بھی آسمانِ سخن پر آفتاب بن کر چمکتا رہے گا۔

ے

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بہ عشق
ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

(حافظ)

خیام

اصل رباعی

بکشائے دری کہ در گشایندہ توئی
بنمای رہی کہ رہ نمایندہ توئی
من دست بہیچ دستگیرے ندہم
کاینہا ہمہ فانی اند و پایندہ توئی

حکیم خیام

ترجمہ رباعی

در کھول کوئی کہ کھولنے والا ہے تو
رستہ کوئی دے کہ جگت کا اُجالا ہے تو
میں ہاتھ کسی کا تھامتا ہی نہیں ہوں
سب فانی ہیں ایک رہنے والا ہے تو

افسر الشعرا

اصل رباعی

در دیدہ بینائی مور نور است از تو
در پائے ضعیف پشہ زور است از تو
ذات تو منزہ است خداوندی را
ہر وصف کہ ناسزاست دور است از تو

حکیم خیام

ترجمہ رباعی

چیونٹی کی ذرا سی آنکھ میں تیرا نور
مچھر کے ضعیف پاؤں میں تیرا زور
بیشک ہے خداوندی کے لائق تیری ذات
جتنی کہ برائیاں ہیں سب تجھ سے دور

افسر الشعرا

ومن نیز بہ

ساقی قدحے کہ ہست عالم ظلمات
جز روئے تو نیست در جہان آب حیات
از جان و جہان ہمہ چو درت عالم ہست
مقصود توئی و بر محمد صلوات

حکیم خیام

ترجمہ نیز بہ

لا ساقی و یا ساغر از پی جہان ظلمات
جز چہرۂ پر نور تو یکبارگی آب حیات
یہ جان جہان و در جہان کل سبب
مقصود توئی ای بر محمد صلوات

انور الشعرا

ومن نیز بہ

آمد سحرے ندا از میخانۂ ما
کاے رند خراباتی دیوانۂ ما
برخیز کہ پر کنیم پیمانہ ز مے
زاں پیش کہ پر کنند پیمانۂ ما

حکیم خیام

ترجمہ نیز بہ

آئی یہ صدا صبح کو میخانے سے
اے رند شرابخوار دیوانے سے
اٹھ جلد بھریں شراب پیمانے سے
کمبخت اجل کا بھر نہ جائے پیمانے سے

انور الشعرا

لہ ہمیں معنی زانند

اصل نمبر ۵

غافل بچہ امیدواری شوم مستِ
بر دولتِ این دل منہ از بہرِ خدا
ہر گاہ کہ خواہی کہ نشینی از پا
گیرو۔ علت دست کہ بالا ہمیں

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۵

سن لے بیٹے غافل نہ بن اے میرے پیارے؟
دل دولتِ دنیا میں نہ لِلّٰہ پھنسا
جب تک ہے سکت یہاں بیٹھنا ہو گا
پکڑے گی اجل ہاتھ۔ کر مُرا او پہ جا

افسر الشعراء

اصل نمبر ۶

مارا گویند، او دوزخی باشد مست
قولیست خلافِ دل درو نتوان بست
چون عاشقِ مست دوزخی خواہد بود
فردا بینی بہشت ہمچون کفِ دست

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۶

کہتے ہیں کہ دوزخی ہیں مستان
دل کو نہیں لگتی بات یہ ہیچ ہے بیان
جب عاشقِ مست دوزخی سب ٹھہرے
کل دیکھنا فردوس کو کھیل میدان

افسر الشعراء

۱؎ مر یعنی دفع ہو۔ اِس خاکدانِ عالم سے نکل جا ۲؎ الزام ۳؎ صاف۔ صفاچٹ ؞

اصل رباعی ۷

گر مے نخوری طعنہ مزن مستان را
گر دست دہد توبہ کنم یزدان را
تو فخر بدین کنی کہ من مے نخورم
صد کار کنی کہ مے غلام است آن را

حکیم خیام

ترجمہ رباعی ۷

طعنہ دو نہ مے نوشوں کو جو بیخوار ہو تم
ہم توبہ بھی کرلیں گے مشیت ہے اگر
ہے فخر یہی نا کہ تو مے خوار نہیں
سو عیب ہیں اور سب سے بدتر ہیں

امیر الشعرا

اصل رباعی ۸

گر بادہ خوری تو با خردمندان خور
یا با صنمی لالہ رخ خندان خور
بسیار مخور ورد مکن فاش مساز
اندک خور و گہ گہ خور و پنہان خور

حکیم خیام

ترجمہ رباعی ۸

گر مے پیئے تو ہمشغل با صاحب ہوش
یا چاندنی سی صورت ہو ہمنشیں مہوش
بہتر ہے تو عادت نہ لگا فاش نہ پی
تھوڑی سی کبھی کبھی چھپا کر خاموش

امیر الشعرا

اصل نمبر ۹

مے برکف من نہ و بیار اورہ غلغل
با نالۂ عندلیب و صوت بلبل
بے نغمہ اگر روا بدے مے خوردن
مے در شیشہ بہانہ کردے قلقل

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۹

لا جام شراب اب و لبالب الکل
کس وقت سہانا ہے جب ہوں چہکتی بلبل
بے نغمہ اگر شراب ہوتی جائز
سنتے نہ کبھی شیشے کے منہ سے قلقل

افسر الشعراء

اصل نمبر ۱۰

با نفس ہمیشہ در نبردم[1] چہ کنم
وز کردۂ خویشتن بدردم چہ کنم
گیرم کہ ز من در گذرانی بکرم
زاں شرم[2] کہ دیدی چہ کردم چہ کنم

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۰

ہر سانس ہے نفس سے جھگڑا کروں کیا
ہے اپنے کیے کا سخت صدمہ آہ کروں کیا
مانا کہ تو بخش دیگا یہ ہے ارمان
جو میں نے کیا وہ تو نے دیکھا کروں کیا

افسر الشعراء

۱ لڑائی ۲ ندامت شرم

اصل نمبر ١١

بت گفت بہ بت پرست کای عابد ما
دانی ز چہ روی گشتہ‌ای ساجد ما
بر ما بجمال خود تجلی کردہ است
آنکس کہ ز تست ناظر و شاہد ما

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ١١

بت نے یہ کہا برہمن سے اے عابد میرے
واقف بھی ہے کیوں آتا ہے مجھ کو سجدے
کی اپنے ہی جلوے کی تجلی مجھ میں
اس نے جو تری آنکھ سے دیکھا مجھ میں

امیر الشعرا

اصل نمبر ١٢

ہر چند کہ رنگ و بوئے زیباست مرا
چوں لالہ رخ و چو سرو بالاست مرا
معلوم نشد کہ در طربخانۂ خاک
نقاش من از بہر چہ آراست مرا

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ١٢

قدرت نے مجھے حسن دیا تھا کیسا
رخ پھول سا قد سرو سا پیارا پیارا
پر یہ نہ کھلا کہ خاک کرنے کے لئے
نقاش نے یہ نقش سنوارا کیوں تھا

امیر الشعرا

اصل نمبر ۱۳

از جرم حضیض خاک تا اوج زحل
کردم همه مشکلات گردون را حل
بیرون جستم ز بند هر مکر و حیل
هر بند گشاده شد مگر بند اجل

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۳

از فرش خاک سے لیکر تا اوج زحل
تھی پیش کی مشکلیں وہ کردالیں حل
حیلے بند و ہمہ کا بنکل آیا تو
سب عقدے کھلے پہ نہ کھلا بند اجل

افسر الشعراء

اصل نمبر ۱۴

جاناں من و تو نمونۂ پرکاریم
سر گرچہ دو کردہ ایم یک تن داریم
بر نقطہ روانیم کنوں دائرہ وار
تا آخر کار سر بہم باز آریم

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۴

پرکار کی صورت ہیں ہم تم اے یار
سر دو ہیں مگر ایک ہی تن دونوں کے
اس نقطے پہ پھرتے ہیں ہم دائرہ وار
مل جائینگے آخر کو بہم سر دونوں کے

افسر الشعراء

متن نمبر ۱۵

هرگز بطرب شبی بت آبی نخورم
تا از کف اندوه شرابی نخورم
نانی نزنم بنمک تا دل خویش
تا از جگر خویش کبابی نخورم

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۵

ہے مجھکو حرام گھونٹ پانی پینا
جبتک نہ ہوں مست غم میں ڈوبا
اُس وقت تلک یہاں ہو آئے نہ ہرا
جب تک نہ جگر کباب ہو لوں اپنا

افسر الشعراء

متن نمبر ۱۶

در مسجد اگرچه با نیاز آمده ایم
حقا که نه از بہر نماز آمده ایم
سجادهٔ مسجدی روزی دزدیدیم
آں کہنه شد است باز باز آمده ایم

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۶

مسجد میں خلوص سے میں آیا تو کیا
سنیے قصد نماز سے نہیں یہ حاشا
سجادہ یہاں سے میں چرا بھاگا تھا
وہ پھٹ گیا اب آ کے پھر ہوں لینے آیا

افسر الشعرا

اصل نمبر ۱۷

من بلبل خوش نوا به این زمین نشنوایم

سر شیره ، پایش نشنو نیستم

با جام سر ساقی گری و بید

من بنده آن و همه کس و من نشنوایم

با جام سر و گیسو من

حکیم جی بابام

ترجمہ نمبر ۱۷

بلا وجہ بابا بسا انبنا ہے حرام

اٹھانا نہیں مجھ سے بن بدن کا نیا مر

ساقی کی آنکھ اور واعظ کے صاحب جاؤں

مجھے منہ نہ ہو آم اور وہ کہاں آئے اور دام

افسر الشعراء

اصل نمبر ۱۸

من در رمضان روزه گرفته خوردم

ناحق نه اکبری که بی جرم خوردم

از محنت روزه ، روز من چون شب بود

پنداشته بودم که سحری خوردم

حکیم جی بابام

ترجمہ نمبر ۱۸

رمضان میں کچھ میں نے جو کچھ کھایا کھائی

ہرزہ نہ سمجھا یہ کہ غفلت سے کھائی

تکلیف سے روزہ کے دن نکلا تاریک

میں سمجھا کہ شب ہے میں نے سحری کھائی

افسر الشعراء

اصل نمبر ۱۹

با بط می گفت ماہیئے در تب و تاب
باشد کہ بجوئے رفتہ باز آید آب
بط گفت چو من و تو آتش سیخ کباب
بود از پس مرگ ما چہ دریا چہ سراب

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۹

اک مچھلی نے بطخ سے کہا ہو کر بیتاب
شاید کہ ندی میں پھر ہو دوبارہ پر آب
بط بولی بس اب ابلنے لگے ہم جو کباب
یکساں ہے ہمیں پھر بھی ہو دریا کہ سراب

افسر الشعراء

اصل نمبر ۲۰

آں قصر کہ بہرام درو جام گرفت
آہو بچہ کرد و شیر آرام گرفت
بہرام کہ گور می گرفتی ہمہ عمر
بنگر کہ چگونہ گور بہرام گرفت

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۲۰

جس قصر میں بہرام نے تھا جام لیا
اب شیر کا بھٹ ہے وہ ہرن کا بابا
بہرام جو ہر آن تھا اک گور شکار
دیکھو اسے گور نے کیسا کھا ہی لیا

افسر الشعراء

اصل نمبر ۲۱

جامی و بتی و بربطی بر لب کشت
این جمله مرا نقد و ترا نسیه بهشت
مشنو سخن بهشت و دوزخ از کس
که رفت بدوزخ و که آمد ز بهشت

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۲۱

ساقی ہو، شراب ہو، لبِ سبزۂ کشت
یہ نقد ہمیں، تجھ کو ہے نسیہ بہشت
واہی ہے، نہ سن بہشت و دوزخ کا ڈر
دوزخ کو گیا کون؟ کس نے دیکھی ہے بہشت

افسر الشعراء

اصل نمبر ۲۲

چوں نیست ز ہر چہ ہست جز باد بدست
چوں ہست ز ہر چہ ہست نقصان و شکست
پندار کہ ہر چہ ہست در عالم نیست
انگار کہ ہر چہ نیست در عالم ہست

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۲۲

جب ہست نہیں ہستیِ عالم کوئی شے
نقصان ہے، ہر شے کو یہاں پے در پے
یہ جان کہ جو کچھ ہے وہ یاں ہیں نہیں
یوں مان کہ جسے دیکھا نہیں تھا، وہ ہے

افسر الشعراء

١ یعنی ہستی باری تعالیٰ شانہٗ یقینی ہے ؎

اصل نمبر ۲۳

در ہر دشتے کہ لالہ زارے بودہ است
آں لالہ ز خونِ شہریارے بودہ است
ہر برگ بنفشہ کز زمیں مے روید
خالیست کہ بر رخ نگارے بودہ است

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۲۳

صحرا میں جہاں لالہ ہے، یہاں نہیں یہ کھلا
سلطان کا خون ہے کسی قیصر کا
جو نئی بنفشہ کی زمیں سے پھوٹی
تل ہے یہ کسی حسینے کے رخسار پہ تھا

افسر الشعراء

اصل نمبر ۲۴

امروز ترا دسترس فردا نیست
و اندیشۂ فردات بجز سودا نیست
ضائع مکن ایں دم ار دلت شیدا نیست
کیں باقی عمر را بہا پیدا نیست

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۲۴

اول تو نہیں ہے آج نہیں کل کا پتا
بیکار ہے جو فکر ہے سودا یہ کل کا
دیوانہ ہے تو یہ دم مت ضائع کر
یہ عمر جو باقی ہے نہیں مول اس کا

افسر الشعراء

اصل نمبر ۲۵

اے چرخ فلک خرابی از کینۂ تست
بیدادگری عادت دیرینۂ تست
اے خاک اگر سینۂ تو بشگافند
بس گوہر قیمتی کہ در سینۂ تست

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۲۵

پہ ظلم و ستم ہے چرخ اتنا کینہ
بیدادگری عادت دیرینہ
اے خاک ترا اتنا قلب اگر چاک کریں
لبریز جواہر سے ہے تیرا سینہ

افسر الشعراء

اصل نمبر ۲۶

ہرگہ کہ غمی ملازم دل شودت
با قصہ بکار خویش مشکل شودت
حال دل دیگراں بیا پیش آید
تا خوشدلی تمام حاصل شودت

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۲۶

جس وقت کہ غم سے ہو پریشاں دل تیرا
جب اپنے ہی کام میں ہو مشکل تیرا
اس وقت کسی دوسرے کی پرسش کرنا
تا خوشدلی تمام حاصل ہو تیرا

افسر الشعراء

اصل نمبر ۲۷

در چشم محققان چه زیبا و چه زشت
منزلگه عاشقان چه دوزخ چه بهشت
پوشیدن بیدلان چه اطلس چه پلاس
زیر سر عاشقان چه بالین و چه خشت

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۲۷

عاقل کی نظر میں کیا برا کیا اچھا؟
عاشق کے لئے بہشت کیا دوزخ کیا؟
بیدل کیلئے ٹاٹ و اطلس سب ایک
عاشق کے سرہانے اینٹ ہو یا تکیا

افسر الشعراء

اصل نمبر ۲۸

بسیار بگشتیم بگرد در و دشت
اندر همه آفاق بگشتیم بگشت
از کس نشنیدیم که آمد زین راه
راهی که برفت راهرو باز نگشت

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۲۸

بہتیرا پھرا میں دشت و در سب چھانا
آفاق کا گز بن گیا عالم ناپا
میں نے نہ سنا کہ ہو پلٹا کوئی
اس راہ جو پڑ گیا پھر نہ پھرا

افسر الشعراء

اصل نمبر ۲۵

ہر سبزہ کہ بر کنارِ جوئے رستہ ست
گویا ز لبِ فرشتہ خوئے رستہ ست
پا بر سرِ سبزہ تا بخواری ننہی
کاں سبزہ ز خاکِ لالہ روئے رستہ ست

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۲۵

سبزہ جو ہو جہاں کنارِ جو سے اُگا
گویا ہے لبِ فرشتہ خو سے اُگا
ذلت سے کبھی نہ رکھنا سبزے پہ قدم
یہ سبزہ ہے خاکِ لالہ رو سے اُگا

امیر الشعراء

اصل نمبر ۲۶

آں بہ کہ دریں زمانہ کم گیری دوست
با اہلِ زمانہ صحبت از دور نکوست
آں کس کہ بجملگی ترا تکیہ بر اوست
چوں چشمِ خرد باز کنی دشمنست او

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۲۶

بہتر ہے کہ اس جہاں میں کم ہو دوستی شغل
دنیا میں بس دور کی ملاقات ہنس بول
تو جس کو سمجھتا ہے بڑا پکا ہی دوست
وہ ہی ترا دشمن ہے ذرا آنکھیں کھول

امیر الشعراء

اصل رباعی ۳۱

روزیکه شود اذا السماء انشقت
وانگه که بود اذا النجوم انکدرت
من دامن تو بگیرم اندر عرصات
گویم صنما بای ذنب قتلت

حکیم خیام

ترجمہ رباعی ۳۱

جس دن کہ یہ آسمان پھٹ جائیگا
جس وقت کہ دھندلی ہو ستاروں کی ضیا
دامن ترا تھام کے میں پوچھونگا
کس جرم پر ایسے مجھے قتل کیا

افسر الشعراء

اصل رباعی ۳۲

چوں مردن تو مردن یکبارگی ست
یکبار بمیر این چہ بیچارگی ست
خونی و نجاستی و مشتی رگ و پوست
انگار نبود این چہ غمخوارگی ست

حکیم خیام

ترجمہ رباعی ۳۲

مرنا ترا اک بار ہے، اب بار ہی کیا؟
مر جا کہ بس مرو، اور لاچاری کیا؟
مٹھی کی بس ہڈی اور رگ و پوست
ہے خون و نجاست اب یہ
ہے تیری یہ بیکار یہ غمخواری کیا؟

افسر الشعراء

اصل نمبر ۳۵

خارے کہ بزیرِ پائے ہر حیوانے ست
زلفِ صنمے و ابروئے جانانے ست
ہر خشت کہ بر کنگرۂ ایوانے ست
انگشتِ وزیرے و سرِ سلطانے ست

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۳۵

جو کانٹا زیرِ پائے ہر حیواں ہے
وہ زلفِ صنم ہے ابروئے جاناں ہے
ہر اینٹ جو ہے قصر کے کنگورے پر
انگلی ہے وزیر کی سرِ سلطاں ہے

افسر شعرا

اصل نمبر ۳۶

دل سرِّ حیات اگر کماہی دانست
در موت ہم اسرارِ الٰہی دانست
امروز کہ با خودی ندانستی ہیچ
فردا کہ ز خود روی چہ خواہی دانست

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۳۶

دل زیست کی رمز اگر کماحقہ سمجھا
اور موت میں بھی بھید خدا کا سمجھا
آج جب کہ ہے ہوش میں اتنا بے ہوش
کل ہوش نہیں ہوگا تو کیا جانے گا

افسر شعرا

۱؎ کنھہ — غرض و غایت ۔

اصل نمبر ۴۳

گر از پی شهوت و هوا خواهی رفت
از من خبرت که بی‌نوا خواهی رفت

بنگر چه کسی و از کجا آمده‌ای
می‌دان که چه می‌کنی کجا خواهی رفت

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۴۳

گر حرص و ہوا میں مبتلا جائیگا
سن مجھ سے و مفلس و تہی دست جائیگا

کیا ہے وہ کہاں سے آیا ہے
پہچان کہ کون ہے کس سمت کو چلا جائیگا

افسر الشعراء

اصل نمبر ۳۸

نیکی و بدی که در نهاد بشر است
شادی و غمی که در قضا و قدر است

با چرخ مکن حواله کاندر ره عقل
چرخ از تو هزار بار بیچاره‌تر است

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۳۸

نیکی و بدی طینت انساں کا ہے ضرور
شادی و غمی قضا و قدر کا ہے شعور

الزام نہ دے چرخ کو اے شمس عقل
وہ تجھ سے ہے بہت زیادہ مجبور

افسر الشعراء

اصل نمبر ۳۹

خیام ز بہر گنہ این ماتم چیست؟
ور خوردن غم فایدہ بیش و کم چیست؟
آن را کہ گنہ نکرد غفران نبود
غفران ز برائے گنہ آمد غم چیست

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۳۹

خیام گناہوں کے لئے ماتم کیا؟
بیفائدہ کا غم ہے بیش و کم کیا؟
بے جرم کوئی ہو ہی نہ تو بخشش کیسی
بخشش ہے گناہوں کے لئے پھر غم کیا؟

افسر الشعراء

اصل نمبر ۴۰

ہشدار کہ روزگار شور انگیز است
ایمن منشین کہ تیغ دوران تیز است
در کام تو گر زمانہ لوزینہ نہد
زنہار فرو مبر کہ زہر آمیز است

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۴۰

ہشیار زمانہ ہے شورش انگیز
بے فکر نہ بیٹھ تیغ دوراں ہے تیز
حلوے کا بھی لقمہ دے زمانہ جو ہمیں
ہرگز نہ نگلنا اس کو ہے زہر آمیز

افسر الشعراء

اصل نمبر ١٤

چون آب بجویبار و چون باد بدشت
روزے دگر از عمر من و تو بگذشت
تا من باشم غم دو روزہ نخورم
روزے کہ نیامدست و روزے کہ گذشت

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ١٤

بہتے ہوئے پانی کی طرح مثل ہوا
ایک اور بھی دن عمر کا اپنی گھٹا[1]
جھگڑا ہو تو ان دونوں کی پروا نہ کیا
جو دن نہیں آیا یا جو دن بیت گیا[2]

افسر الشعراء

اصل نمبر ١٥

تا باز شناختم من ایں پائے ز دست
ایں چرخ فرومایہ مرا دست ببست
افسوس اگر در حساب خواہد بس یاد
عمرے کہ مرا بے مے و معشوق گذشت

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ١٥

جس دن ان سے بُرے بھلے کی پہچان ہوئی
باندھیں ہیں جھپٹ کی طرح مشکیں[3] میری
افسوس حساب اس کا بھی دینا ہوگا
جو عمر مری بے مے و معشوق گئی

افسر الشعراء

١ کم ہوگیا ۲ گذر گیا ۳ مُشکیں باندھنا - دونوں ہاتھ کس دینا

اصل نمبر ۳۳

از بہر زرہ بہر درے می باید تاخت
با نیک و بد زمانہ می باید ساخت
از طاس سکش چرخ و کعبتین تقدیر
ہر نقش کہ پیدا شود آں باید باخت

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۳۳

بے فضل ہے اب نہ بنئے ہمیں ہر فن مولا
اچھے ہوں برے ہوں سب سے ملنا اچھا
تقدیر کا پانسہ ہے فلک کی چوسر
جو داؤں پڑا ایسا بنے وہ کھیل لیا

افسر الشعراء

اصل نمبر ۳۴

من ہیچ ندانم کہ مرا آنکہ سرشت
از اہل بہشت کرد یا دوزخ زشت
جامی و بتی و بربطی بر لب کشت
این ہر سہ مرا نقد و ترا نسیہ بہشت

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۳۴

جس نے مجھے پیدا کیا وہ جانے یار
ہیں اہل بہشت سے ہوں یا اہل نار
پیمانہ حسین یار شراب و معشوق
یہ مجھ کو ہیں نقد جب ادھر تجھ کو ادھار

افسر الشعراء

اصل نمبر ۲۵

با دشمن و دوست فعل نیکو نیکوست
بد کی کند آنکه نیکی اش عادت و خوست
با دوست چو بد کنی شود دشمن تو
با دشمن اگر نیک کنی گردد دوست

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۲۵

دشمن و دوست سے ہے نیکی زیبا
جو نیک ہے وہ برائی کے کب ہے پیچھے
ہو دوست سے دشمنی تو دشمن ٹھہرے
دشمن سے جو نیکی ہو تو ہو دوست بنا

افسر الشعراء

اصل نمبر ۲۶

می خوردن من نه از برای طرب است
نه بهر فساد و ترک دین و ادب است
خواهم که به بیخودی بر آرم نفسی
می خوردن و مست بودنم زین سبب است

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۲۶

پینا نہیں بس مئے عیش کی خاطر اپنا
ہے ترک ادب نہ ترک دین و دنیا مطلب اپنا
اک گونہ ہو بیخودی یہ میں چاہتا ہوں
غافل ہوں میں پی کے یہی ہے منشا

افسر الشعراء

اصل رباعی ۲۷

گویند مرا که سود با حور خوش است
من میگویم که آب انگور خوش است
این نقد بگیر و دست ازان نسیہ بدار
کآواز دہل شنیدن از دور خوش است

حکیم خیام

ترجمہ رباعی ۲۷

سب کہتے ہیں بہشت ہے با حور و شراب
میں کہتا ہوں افشردۂ انگور ہے خوب
یہ نقد سنبھال قرض کا لالچ چھوڑ
ڈھول کی صدا سہانی ہے دور سے خوب

افسر الشعراء

اصل رباعی ۲۸

در فصل بہار اگر بتی حور سرشت
پر مے قدحے دہد مرا بر لب کشت
گرچہ بہر کس این سخن باشد زشت
سگ بہ ز من ار برم دگر نام بہشت

حکیم خیام

ترجمہ رباعی ۲۸

ہو موسم گل اور بت حور سرشت
بھر بھر کے پلائے جام بالائے سر کشت
پھر چاہے کہے کوئی برا ان باتوں کو
کتے سے بدتر ہوں جو لوں نام بہشت

افسر الشعراء

اصل نمبر ۴۹

عشق ار چہ بلاست آن بلا حکم خداست
بر حکم خدا ملامت خلق چراست
چون نیک و بد خلق بہ تقدیر خداست
پس روز پسین حساب بر بندہ چراست

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۴۹

گر عشق بلا ہے تو خدا نے دی ہے
پھر حکم خدا سے خلق کیوں چڑتی ہے
جب نیک و بد خلق ہے تقدیر کے ہاتھ
بندے سے حساب کی پڑی کیسی ہے

افسر الشعراء

اصل نمبر ۵۰

فصل گل و طرف جویبار و لب کشت
با یک دو سہ تازہ لعبتی حور سرشت
پیش آر قدح کہ بادہ نوشان صبوح
آسودہ ز مسجد اند و فارغ ز کنشت

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۵۰

ہے فصل بہار - بستاں و دریا - سبزہ
پریوں کا بھی جھرمٹ ہے اہا ہا ہا ہا
اس وقت چلے دور کہ نیک ہیں نہ بد
مسجد سے بچے ہیں نہ دیر و مندر کا

افسر الشعراء

اصل نمبر ۱۵۱
آباد خرابات ز مے خوردن ماست
خون دو هزار توبه در گردن ماست
گر من نکنم گناه رحمت چه کند
آرائش رحمت ز گنه کردن ماست
حکیم خیام
ترجمہ نمبر ۱۵۱
میخانہ ہے آباد ہمیں پینے سے
خون دو ہزار توبہ ہے سر پہ مرے
بے جرم اگر ہوں میں تو ہے رحمت بیکار
رحمت کی تو زینت ہے گناہوں سے مرے
افسر شعرا
اصل نمبر ۱۵۲
پیش از من و تو لیل و نهاری بوده است
گردنده فلک نیز بکاری بوده است
زنهار قدم بخاک آهسته نهی
کان مردمک چشم نگاری بوده است
حکیم خیام
ترجمہ نمبر ۱۵۲
ہم تم سے بھی پہلے یہاں دن راتیں تھیں
پھرتا تھا فلک تو نہیں بیکار تھیں
آہستہ قدم رکھ خاک پہ رکھیو یکبار
پیاروں کی یہاں پتلیاں تھیں آنکھیں تھیں
افسر شعرا

اصل نمبر ۵۵

ساقی! قدحے کہ کار عالم نفسے ست
دریاب نفس آن نیز بسے ست
گر شادی ما ز دو بار بہ ز جہان
خوش باش ازین ہر چہ عیشت پیش ست
ہر گز نشود چنانکہ دل خواہ کسے ست

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۵۵

ہے سانس کا کھیل ساقیا! ساغر لا
گذرے جو خوشی سے ایک دم بھی ہے بڑا
حال میں یاد دو روزہ دنیا عیش گذار
ہرگز نہیں ہوتا ہے کسی کا چاہا

افسر الشعراء

اصل نمبر ۵۶

بس خون جگر کہ چرخ بیباک بریخت
بس گل کہ بر آمد از گل پاک بریخت
بر حسن جوانی اے پسر غرہ مشو
بس غنچۂ ناشگفتہ در خاک بریخت

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۵۶

اس چرخ ستمگر نے بہت خون کئے
سینچی جو ہری کیاریاں گل پھول جلے
اس حسن جوانی پہ نہ کر تو مغرور
غنچے ہیں بہت جو بن کھلے مرجھائے

افسر الشعراء

اصل نمبر ۵۷

بی مال ار چه زیور خردمندان است
با سیمیان در باغ جهان زندان است
از دست تهی بنفشه بسبزه زار نو است
ور کیسهٔ زر در دهان گل خندان است

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۵۷

گو مال و منال پیش عقل خردمندان کا ہے
مفلس کے لیے باغ جہاں زندان ہے
دمڑی کی ہے بنفشہ بوں سے کہ ہے خالی ہاتھ
تھیلی جو دبائے ہے تو غنچۂ گل خنداں ہے

افسر الشعراء

اصل نمبر ۵۸

سر دفتر عالم معانی عشق است
سر بیت قصیدهٔ جوانی عشق است
ای آنکه خبر نداری از عالم عشق
این نکته بدان که زندگانی عشق است

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۵۸

سر دفتر عالم معانی ہے عشق
سر بیت قصیدۂ جوانی ہے عشق
اے عالم عشق سے بے خبر اے غافل
یہ نکتہ سمجھ کہ زندگانی ہے عشق

افسر الشعراء

اصل نمبر ۶۳

در عشق تو از ملامتم ننگے نیست
با بیخبران درین سخن جنگے نیست
آں شربت عاشقی ہمہ مردان است
نامردان را ازین قدح رنگے نیست

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۶۳

بیجا ہے ملامت یہ بلا شبہ ننگ نہیں
انجانوں سے اس بارے میں کچھ جنگ نہیں
یہ شربت عاشقی فقط مردوں کا
نامردوں کو اس شربت میں رنگ نہیں

افسر الشعراء

اصل نمبر ۶۴

گل گفت بہ از لقاے من روے نیست؟
چندیں ستم گلاب گر گفت ایں چیست؟
بلبل بزبان حال با او مے گفت
یک روز کہ خندید کہ سالے بگریست

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۶۴

گل نے جو کہا مجھ سا حسین کون ہوا؟
اس پہ ستم گلاب گر بھی دیکھا؟
بلبل نے زبان حال سے چلائی
اک دن کی ہنسی تھی سال بھر کا رونا

افسر الشعراء

اصل نمبر ۶۵

بدنامی من ز عرش و کرسی بگذشت
وز عمر عزیز نیز از سی بگذشت
فی الجمله چو هیچ نیست اگر دوست هم
صد کاسه پیاپی که عمری بگذشت

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۶۵

رسوائی مری عرش سے اونچی گذری
یہ عمر بھی اب شیب سے بڑھتی گذری
آیا بھی تو ہوشی نہیں آگے میکدہ
سو جام لگاتار جوانی گذری

افسر الشعراء

اصل نمبر ۶۶

ساقی دل من ز مرده فرسوده‌تر است
گو زیر زمین من و دل آسوده‌تر است
ارچند بخون دیده و دامن شویم
دامان ترم ز دیده آلوده‌تر است

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۶۶

ساقی دل ناکام مرا مُردوں سے بھی مُردا ہے
آسودہ کوئی زیر زمیں مجھ سا ہے
کتنا ہی میں اشکوں سے دامن دھوؤں
آنکھوں سے سوا دامن تر رہتا ہے

افسر الشعراء

اصل نمبر ٦٧

ساقی اے دل من ز دست اگر خواہد رفت
بحر است کجا ز خود بدر خواہد رفت
صوفی کہ چو ظرف تنگ از خویش پُر است
یک جرعہ اگر دہی بسر خواہد رفت

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ٦٧

ساقی اے مرا دل ہاتھ سے گر جائیگا
دریا ہے کہاں دل سے کہ صحرا جائیگا
صوفی کی طرح خودی سے معمور نہیں
چلو میں جو آئیگی سے گذر جائیگا

افسر الشعراء

اصل نمبر ٦٨

ساقی گل و سبزہ بس طربناک شدست
دریاب کہ ہفتۂ دگر خاک شدست
مے نوش و گلی بچین کہ تا در نگری
گل خاک شدست و سبزہ خاشاک شدست

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ٦٨

جو سبزہ و گل آج طربناک ہوا
وہ دوسرے ہفتے و یکسر خاک ہوا
جب تک ہے بہار لوٹ جب تک ہے دم
گل خاک ہوا ہے سبزہ خاشاک ہوا

افسر الشعراء

اصل نمبر ۱۸

عمریست که مداحی مے ورد من است
اسباب مے است هرچه درگرد من است
زاهد اگر استاد تو عقل است این جا
خوش باش که استاد تو شاگرد من است

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۸

برسوں سے ہے مداحی مے اپنا ورد
اسباب ہے مے کا سامان ہے سارا ارد گرد
زاہد اگر استاد ہے تیرا عقل یہاں
خوش ہو کہ ترا استاد ہے میرا شاگرد

افسر الشعراء

اصل نمبر ۱۹

گفتم که بسر زلف تو بس سر خورده است
گفتا که تو تن بنه اگر سر خورده است
گفتم دو زلفت فتنه است بیحورم
گفتا که کسی ز سرو بر خورده است

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۹

میں نے کہا زلفوں نے ستم ڈھایا ہے
بولے کہ مبارک اب جو تجھے بھایا ہے
میں بولا کہ اس فتنے کی کچھ پھل نہ ملا؟
فرمایا کبھی سرو سے پھل پایا ہے؟

افسر الشعراء

اصل نمبر ۱۰۳

امروز که آدینه مرا او را نام است
می نوش کن از قدح چه جای جام است
هر روز اگر یک قدح می خوردی
امروز دو خور که سید الایام است

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۰۳

ہے جمعے کا دن لائیے وہ پینا پکار
پی لو یہ رطل گراں آج ہے یہ باغ و بہار
ہر روز اگر ایک ہی قدح تھا معمول
دو آج لگا کے ہے یہ دونوں کا سردار

افسر الشعراء

اصل نمبر ۱۰۴

با مطرب و می حوری سرشتی گر هست
با آب روان و لب کشتی گر هست
به زین مطلب و دوزخ فسرده مناب
حقا که جز این نیست بهشتی گر هست

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۰۴

پی مطرب و مے پاس ہے گر ماہ لقا
سبزہ بھی لہلہا رہا ہے بہتا دریا
اب جائیے کیا برا دوزخ مفت جھونک
جنت کوئی ہے بھی تو نہیں اس کے سوا

افسر الشعراء

۱؎ اصطلاح رندانہ میں سینے کی طرف اشارہ ہے ؎

اصل نمبر ۴۴

من می‌خورم و مخالفان از چپ و راست
گویند مخور بادہ کہ دین را اعداست
چون دانستم کہ مے عدوے دین است
باللہ بخورم خونِ عدو را کہ رواست

حکیم عمر خیام

ترجمہ نمبر ۴۴

مے نوشی پہ یہ میری مخالف ہیں سب برپا
کہتے ہیں نہ پی، دشمنِ دیں ہے یہ بلا
جب کھل گیا یہ کہ دشمنِ دیں ہے شراب
واللہ پیونگا خونِ دشمن ہے روا

افسر الشعراء

اصل نمبر ۴۸

ابر آمد و زار بر سر سبزه گریست
بے بادۂ ارغوان نمے باید زیست
امروز کہ ایں سبزہ تماشاگہ ماست
تا سبزۂ خاکِ ما تماشاگہ کیست

حکیم عمر خیام

ترجمہ نمبر ۴۸

پھر ابر اٹھا سبزے پہ جھم کر برسا
بے بادۂ گلرنگ بھلا کب ہے جینا؟
یہ سبزہ کہ ہے آج ہماری تفریح
کل اپنی لحد پہ کون اسے دیکھیگا؟

افسر الشعراء

اصل نمبر ۷۹

یزدان چو گل وجود ما را آراست
دانست ز فعل ما چه خواهد برخاست
بی حکمش نیست هر گناهی که مراست
پس سوختن قیامت از بهر چه خواست

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۷۹

وہ جس نے مری خاک کا پتلا ڈھالا
واقف تھا عمل سے مرے کیسے ہوں گے
بے حکم نہیں اس کے مرا کوئی گناہ
پھر حشر میں یہ جلنا جلانا کیسا؟

افسر الشعراء

اصل نمبر ۸۰

بر لوح نشان بودنی‌ها بوده است
پیوسته قلم ز نیک و بد آلوده است
اندر تقدیر آنچه بایست بداد
غم خوردن و کوشیدن ما بیهوده است

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۸۰

جب لوح پہ جب نقش ہیں پنہاں ہیں یہاں
اچھے ہوں برے کا ہے قلم سے اظہار
جو ہونا ہوا ہونا تھا وہ سب ہو کے چلے
اب غم اور جد و جہد سب بیکار

افسر الشعراء

اصل نمبر ۸۱

زیں اصل و بیم من نہ ہستی بدو نیست
ورنہ ز فنائے تن نہ تقاضا خواہد رست
من از دمِ عیسوی شدم زندہ بجاں
مرگ آمد و از وجودِ من دست بشست

حکیم خیام

اصل نمبر ۸۲

گردوں نگرے ز قدِ فرسودۂ ماست
جیحوں اثرے ز چشمِ پالودۂ ماست
دوزخ شررے ز رنجِ بیہودۂ ماست
فردوس دمے ز وقتِ آسودۂ ماست

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۸۱

کیوں تن کی غمِ فنا سے جاں تنگ ہے
حالانکہ فنا ہی سے بقا آتی ہے
میں تیرے دمِ عیسیٰ سے ہوا ہوں زندہ
موت آئی بھی تو بہتر ہی شادانی ہے

افسر الشعراء

ترجمہ نمبر ۸۲

گردوں ہے مری کھسی پیری عمر کا غم
جیحوں اک ہے مرے دیدۂ تر کا انجام
دوزخ ہیں شرار اک غمِ بیہودہ سے
جنت مری گھڑی کی خوشی کا ہے نام

افسر الشعراء

اصل نمبر ۸۳

در خواب بدم مرا خردمندے گفت
کز خواب کسے را گل شادی نشگفت
کارے چہ کنی کہ با اجل باشد جفت
برخیز کہ زیر خاک می باید خفت

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۸۳

سوتا تھا میں اک اہل خرد نے جھڑکا
ناداں کہیں نیند سے پھل بھی پایا؟
وہ کام نہ کر جو ہو اجل کا ہمشکل
اٹھ بیٹھ اب تہ خاک ہے سونا

افسرالشعراء

اصل نمبر ۸۴

چوں چرخ بکام یک خردمند نگشت
خواہی تو فلک ہفت شمر خواہی ہشت
چوں باید مرد و آرزوہا ہمہ ہشت
چہ مور خورد بگور چہ گرگ بدشت

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۸۴

اس چرخ نے جب کسی کا مطلب نہ دیا
پھر سات فلک گنے کہ اٹھارہ گنائے
جب موت ہے لازمی تو ہر خواہش ہیچ
یا کیڑوں کا کھاجا بنے[1] یا بھیڑیا کھائے[2]

افسرالشعراء

۱؎ یا قبر میں کیڑے کھا جائیں ۲؎ یا جنگل میں بھیڑیا چٹ کر جائے۔

مشق نمبر ۵۸

ایں کہنہ رباط را کہ عالم نامست
آرامگہ ابلق صبح و شامست
بزمیست کہ وا ماندہ صد جمشید است
قصریست کہ تکیہ گاہ صد بہرامست

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۵۸

یہ بوڑھا کھنڈر جسے کہیں عالم ہم
آسودہ جہاں ابلق صبح و شام
اک بزم ہے جس میں مست ہیں سو جمشید
اک قصر ہے جس میں غش ہیں صد بہرام

افسر الشعراء

مشق نمبر ۵۹

یارب تو کریمی و کریمی کرم است
عاصی ز چہ رو برون ز باغ ارم است
با طاعتم ار ببخشی آں نیست کرم
با معصیتم اگر ببخشی کرم است

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۵۹

اللہ مرے تو ہے کریمی کا کرم
کیوں عبد گنہگار ہو مایوس ارم
طاعت کے عوض بخشنا تو کیا؟
درگزرے گناہوں سے تو ہے عین کرم

افسر الشعراء

اصل نمبر ۸۷

پیش از من و تو مرد و زنیان بوده است
کآفاق ز جملۂ شان مزین بوده است
زودا که تن تو خاک گردد زیرا
خاک تو بود که هست از تن بوده است

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۸۷

ہم تم سے اگے بہت مرد و زن تھے پیدا
آفاق میں انسان سے بن ٹھن تھے پیدا
اجلد پلٹ کے خاک ہوگا یہ جسم
مٹی میں تری ہزار تن تھے پیدا

افسر الشعراء

اصل نمبر ۸۸

با حکم حق از بجز رضا در نگرفت
با جنبش بحر روی دریا در نگرفت
ہر حیلہ کہ در تصور عقل آید
کردیم ولیک با قضا در نگرفت

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۸۸

اللہ سے بے صبر رضا چل نہ سکی
بندوں کی بجز دریا سے ایک پل بھی نہ بنی
جو عقل میں آ سکتے تھے کر ڈالے فن
سب کچھ کیا پہ قضا سے پیش نہ چلی

افسر الشعراء

اصل نمبر ۸۹
صحرا رخ خود ز ابر نوروز بشست
اے بے خبر کہ سبزہ از خاک تو رست
حکیم خیام
ترجمہ نمبر ۸۹
اصل نمبر ۹۰
من بندهٔ عاصیم رضائے تو کجاست
تاریک دلم نور و صفائے تو کجاست
ما را تو بہشت اگر بطاعت بخشی
این مزد بود لطف و عطائے تو کجاست
حکیم خیام
ترجمہ نمبر ۹۰
پاپی ہوں تیری رضا وہ ہے کہاں
تاریک ہے دل نور و صفا وہ ہے کہاں
مجھ کو بہشت بندگی سے بخشا
اجرت ہوئی یہ لطف و عطا وہ ہے کہاں

اصل بیت ۹۳

بیگانه اگر وفا کند خویش منست
ور خویش جفا کند بداندیش منست
گر زهر موافقت کند تریاک است
ور نوش مخالفت کند نیش منست

حکیم خیام

ترجمہ بیت ۹۳

بیگانہ وفا کرے تو ہے وہ اپنا
اپنا جو دغا کرے تو دشمن پکا
زہر اگر ہو موافق تو ہے اکسیر
امرت بھی اگر الٹا ہو تو ہے زہر

افسر الشعراء

اصل بیت ۹۴

چون ذره ز بدل کل آفرید صانع ما را
گردون همه بماند فوت ضایع ما را
پیوسته مرا ز می همی منع کنی
خود دست تهی لب است مانع ما را

حکیم خیام

ترجمہ بیت ۹۴

جب خاک سے پیدا کرے صانع مجھکو
فرمائے عمر جہاں سے ضایع مجھکو
پھر کیوں ہے شراب کی مناہی اتنی
خود دستِ تہی بنا ہے مانع مجھکو

افسر الشعراء

اصل نمبر ۹۵

تا بتوانی غم جهان هیچ مسنج
بر دل منه از آمده و نزاده رنج
خوش می خور و می بخش و دریغ مدار
با خود نبری اگرچه صد داری گنج

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۹۵

مطلق بھی نہ کر گردش دوران جہاں کی سختی
بے فکر ہو تنگی ہو کہ فارغ بالی
پی شوق سے بادہ دلا جلنا ہے
شعلۂ حسرت کی دولت بیش رہے پائی

افسر الشعراء

اصل نمبر ۹۶

وا ای از جهان چه طرف بر بستم هیچ
وز حاصل عمر چیست در دستم هیچ
شمع طربم ولی چو بنشستم هیچ
من جام جمم ولی چو بشکستم هیچ

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۹۶

معلوم بھی ہے جہاں سے کیا پایا۔۔۔ ہیچ؟
کچھ عمر کا ماحصل بھی ہاتھ آیا۔۔۔ ہیچ؟
ہیں شمع طرب مگر بجھے جب ہی
ہیں جام جم مگر جو ٹوٹا تو ہاتھ آیا۔۔۔ ہیچ؟

افسر الشعراء

اصل نمبر ٩٧

ز آوردنِ من نبود گردوں را سود
وز بردنِ من جاہ و جلالش نفزود
وز ہیچ کسے نیز دو گوشم نشنید
کاوردن و بردنِ من از بہر چہ بود

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ٩٧

لانے سے مرے چرخ کے کیا ہاتھ آیا؟
لے جانے میں پھر کون سا طرّہ لٹکا؟
دو کان ہیں اپنے نہ سنا میں نے کبھی
لانا مرا لے جانا مرا کس لئے تھا؟

افسر الشعراء

اصل نمبر ٩٨

بوئے خوشِ گل ز بس خمارے آرد
گر بادہ خوری ہمہ بہارے آرد
باراں کہ ازو ہزار جاں تازہ شود [?]
انصاف بدہ کہ انتظارے آرد

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ٩٨

خوشبو کی ہوس نے خمار رنگ لائی ہے [?]
مے پینے کی مے خوار پہ بن آئی ہے
بارش کہ ہزار دم ہیں اس سے جیتے
انصاف کہ انتظار دکھلائی ہے

افسر الشعراء

اصل نمبر ۱۰۱

ورنامد از طاعتت من هیچ فزود
ور معصیتی کرده‌ام نقصان نبود
بگذار و بگیر زانکه معلومم شد
گیرنده دیری و گذارنده زود

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۰۱

طاعت سے مری کچھ نہ تری بات بڑھی
جو میں گنہگار ہوا ہوں بس کچھ نہ گھٹی
اب چھوڑ دے چاہے پکڑ کہ مجھے ہے معلوم
ہے تیری پکڑ سست اور بخشش جلدی

افسر شعرا

اصل نمبر ۱۰۲

جانم بفدای آنکه او اهل بود
سر در قدمش اگر نهم سهل بود
خواهی که بدانی بیقین دوزخ را
دوزخ بجهان صحبت نااهل بود

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۰۲

جو اہل ہے اس پر دل و جاں ہے صدقہ
رکھ دوں جو قدم پہ سر تو بھی ہے سہل مجھے
دنیا میں اگر ہے کوئی دوزخ در اصل
وہ صحبت نا اہل ہی ہے تو بیشک

افسر شعرا

لہ ٹال دے چشم پوشی فرما ⁂

اصل نمبر ۱۰۳

چون رزق تو آنچه عدل قسمت فرمود
یکذره نه کم شود نخواهد افزود
آسوده ز هر چه هست می باید شد
آزاده ز هر چه هست می باید بود

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۰۳

قسمت میں جو رزق لکھ دیا ہے تیرا
ذرہ نہ گھٹے گا نہ بڑھے گا اصلا
جو چیز ہے اُس سے بے غرض رہ یعنی تہی دامنی
جب چیز نہ کا داغ رہ گیا نہ تھا

افسر الشعرا

اصل نمبر ۱۰۴

ناکردہ گناہ در جہاں کیست بگو
آنکس کہ گنہ نکرد چون زیست بگو
من بد کنم و تو بد مکافات دہی
پس فرق میان من و تو چیست بگو

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۰۴

ناکردہ گنہ کون ہے دنیا میں ہوا
جس نے نہ کیا پاپ وہ کس طرح جیا
مجھ سے ہوئی بدی تو اس کا بدلا دے بُرا
مجھ میں تجھ میں بتا کہ پھر فرق ہی کیا

افسر الشعرا

متن نمبر ۱۰۵

آنها که کهن شدند و اینها که نو اند
هر یک بمراد خویش یک یک بدوند
این کهنه جهان بکس نماند جاوید
آیند و روند و دیگر آیند و روند

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۰۵

جتنے بھی ہیں نوعمر ہیں یعنی بوڑھے ہم
سب وقت گذار دینگے اپنا اپنا
عالم میں ہمیشگی کسی کو بھی نہیں
جب آئے گئے آئینگے اور جائینگے

افسر الشعراء

متن نمبر ۱۰۶

مے گرچہ حرام است و لے تا کہ خورد
و آنگاہ چہ مقدار و دگر با کہ خورد
آنگاہ کہ این چہار شرط آمد جمع
پس مے نخورد مرد دانا کہ خورد

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۰۶

مے گرچہ حرام ہے پئیے پیجئے
کس وقت و کتنی پئیں کس کے ہمراہ پئیے
شرطیں یہ تمام جب اکٹھی ہو جائیں
پھر مرد دانا نہ پیئے کون پیئے

افسر الشعراء

اصل نمبر ۱۰۷

آن مرد نیم کز عدمم بیم آید
کان نیمه مرا خوشتر ازین نیم آید
جانیست مرا بعاریت داده خدا
تسلیم کنم چو وقت تسلیم آید

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۰۷

وہ مرد نہیں ہوں موت سے جی چھوٹا
اس جون سے یہ جون بھلی ہے اچھا
اللہ نے مستعار دی ہے یہ جان
واپس دیں گے میں عذر کیا ہوگا بھلا

افسر شعرا

اصل نمبر ۱۰۸

گویند کہ مرد را نسب می باید
با نسبت عالی پدر می باید
امروز جہان شدہ است در نوبت ما
سیم است همه کی نسب می باید

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۰۸

سنتے تھے کہ مرد کو ضروری اعلیٰ نسب
پایا ہوا بھی باپ دادا کا ہو نسب
آج اپنے زمانے میں عجب بات ہے
وہ سب ہیں فضول چیز زر چاہیے اب

افسر شعرا

۱ ڈرے۔ خم کھائے ؛

اصل نمبر ۱۰۹

توبہ نکنم از مے اگر ایمنی باشد
صد تائب باد و نبات و دریغ باشد
گل جامہ دران و بلبلاں نعرہ زناں
توبہ بچنیں وقت روا کے باشد

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۰۹

توبہ کی ضرورت جو صراحی ہو بھری
سو تائب عصیاں جان دے بن تو بھی
گل پھول کھلے ہوں اور چہکتے بلبل
توبہ بھلا اس وقت میں توبہ کیسی

افسر الشعراء

اصل نمبر ۱۱۰

این کوزہ گران کہ دست در گل دارند
عقل و خرد و ہوش بر آں بگمارند
مشت و لگد و طپانچہ تا چند زنند
خاک بدن است چہ می پندارند

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۱۰

مٹی کو کمہار روندتے کیسا ہیں
عقل و خرد و ہوش بھی کیا پیش نظر ہیں
کس تاک یہ کھلاتے لات مکی سب ہیں
کمبختوں کے من میں خاک سمجھے کیا ہیں

افسر الشعراء

اصل رباعی ۱۱۱

لب بر لب کوزه بردم هیچ دانی مقصود
یعنی لب من نیز چو لبهای تو بود
آخر چو وجود من ست معدوم الوجود
لبهات چنین شود بفرمان ودود

حکیم خیام

ترجمہ رباعی ۱۱۱

کوزہ جو ہے لب بلب سے لگا کے بیٹھا
یعنی مرے سے ہونٹ تھے کبھی ایسے ہی
جب بزم سے دو چہرے حق سے اٹھیں
ہونٹ تیرے بھی ہونگے یونہی ایک دن

امیرالشعراء

اصل رباعی ۱۱۲

تا چند اسیر رنگ و بو خواهی شد
چند از پی هر زشت و نکو خواهی شد
گر چشمهٔ زمزمی و گر آب حیات
آخر بدل خاک فرو خواهی شد

حکیم خیام

ترجمہ رباعی ۱۱۲

کب تک یہ اسیرِ رنگ و بو رہنا ہے
کب تک بھلے برے سے یوں رونا ہے
امرت ہے کہ زمزم کا ہے چشمہ ہے تو
آخر کو تجھے خاک ہی کا ہونا ہے

امیرالشعراء

اصل نمبر ۱۳

اجرام کہ ساکنان این ایوان‌اند
اسباب تردد خردمندان‌اند
ہان تا سر رشتۂ خرد گم نکنی
کانان کہ مدبرند سرگردان‌اند

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۳

سیارے جو ہیں چرخ پہ رخشاں ہیں
یہ باعثِ افکارِ خردمنداں ہیں
ثابت یہ ہوا اس سے کہ جو ہیں صاحبِ عقل
جتنے کہ مدبر ہیں وہ سرگرداں ہیں

افسر الشعرا

اصل نمبر ۱۴

وقت است کہ از سبزہ جہان آرایند
موسیٰ صفتان ز شاخ کف بنمایند
عیسیٰ نفسان ز خاک بیرون آیند
وز چشم سحاب دیدہ‌ہا بگشایند

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۴

رُت آئی کہ سبزے سے جہاں مہکائیں
شاخوں سے چمن میں یدِ بیضا چمکائیں
سب عیسیٰ نفس خاک سے باہر آئیں
ہر آنکھ کو برسات کا جوبن دکھلائیں

افسر الشعرا

اصل نمبر ۱۱۵

گردوں ز زمیں ہیچ گلے بر نارد
کش نشکند و باز بہ گل نسپارد
از ابر چو آب و خاک را بردارد
تا حشر ہمہ خون عزیزاں بارد

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۱۵

یہ چرخ زمیں سے کوئی پھول اگائے
و اسے پیوند زمیں پھر نہ بنائے
جب بادل سے اٹھا جائے اگر پانی بن
تا حشر یہیں خون عزیزاں برسائے

افسر الشعراء

اصل نمبر ۱۱۶

در دہر ہر آں کہ نیم نانے دارد
وز بہر نشست آشیانے دارد
نہ خادم کسے بود نہ مخدوم کسے
گو شاد بزی کہ خوش جہانے دارد

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۱۶

ٹکڑا سا سہارا جو یہاں رکھتا ہے
اور بیٹھنے اٹھنے کو مکاں رکھتا ہے
خادم ہے کسی کا نہ کسی کا مخدوم
وہ چین سے جیتا ہے جہاں رکھتا ہے

افسر الشعراء

اصل نمبر ۱۱۷

قومے بگزاف در غرور افتادند
قومے زپئے حور و قصور افتادند
معلوم شود چو پردہ ہا بردارند
کز کوئے تو دور دور افتادند

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۱۷

کچھ لوگ ہیں[1] بو و بنائے[2] خودی میں ہوائی ہیں
کچھ حور و قصور کے سودائی[3] ہیں
جب پردہ اٹھا تو یہ کھل جائے گا
سب تیری گلی سے دور جا پڑے ہیں

افسر الشعراء

اصل نمبر ۱۱۸

توبہ نکند ہر آنکہ با ہش باشد
از بادہ کہ چون آب حیاتش باشد
اندر رمضان اگر کسے توبہ شکن
باید ز نماز ہا نجاتش باشد

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۱۸

توبہ نہیں کرنے کا ہے جس کو پتا
اس مے سے جو امرت کا بدل ہو پیدا
اور پھر رمضان میں جب ٹوٹے توبہ اس کی
وہ فرصت نمازوں سے کہاں پائے گا

افسر الشعراء

۱ے شیخی باز ۲ے غرور ۳ے فدائی

اصل نمبر ۱۲۱

گویند بہشت و حور عین خواہد بود
وانجا مے ناب و انگبیں خواہد بود
گر ما مے و معشوق پرستیم رواست
چوں عاقبت کار ہمیں خواہد بود

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۲۱

اک عیش ہے کہ جنت میں ہیں حوروں کا پرا
شہد اور شراب کے بہیں گے دریا
جائز ہے جو ہم ہیں مے و معشوق پرست
انجام تو جب یہی وہاں بھی ہوگا

افسر الشعراء

اصل نمبر ۱۲۲

آں روز کہ توسنِ فلک زیں کردند
آرائشِ مہر و ماہ و پرویں کردند
ایں بود نصیبِ ما ز دیوانِ قضا
ما را چہ گنہ قسمتِ ما ایں کردند

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۲۲

جس روز کہ اسپِ چرخ کو زین بخشی
آرائشِ مہر و ماہ و پرویں بھی کی
کیوں مجھ کو ملی جہنم جب یہ تقدیر
کیا دوش مرا جو قسمت ایسی کر دی

افسر الشعراء

اصل نمبر ۱۲۳

عشقے کہ مجازی بود آتش نبود
چون آتش نیم مرده تابش نبود
عاشق باید کہ سال و ماه و شب و روز
آرام و قرار و خورد و خوابش نبود

حکیم خیام

اصل نمبر ۱۲۴

اے خواجہ یکے کام روا کن ما را
دم درکش و در کار خدا کن ما را
ما راست رویم لیک تو کج بینی
رو چاره دیده کن رہا کن ما را

حکیم خیام

ترجمہ نمبر ۱۲۳

جب عشق مجازی ہو تو گرمی کیسی؟
کجلائی ہوئی آگ نہیں لو دیتی
عاشق ہے وہی کہ سال و ماہ و شب و روز
بیچارے کو خورش چین نہ نیند ہو کوئی گھڑی
